COVID smart measures for schools

Information for families

سکولوں کے لیے COVID کے سلسلے میں اچھے اقدامات

گھرانوں کے لیے معلومات

ہم جانتے ہیں کہ کلاس روم میں اکٹھے ہونا ہمارے طالبعلموں کی تحصیل علم، نشوونما اور فلاح کے لیے بہترین ہے۔ اس ٹرم میں ہم ایسے کئی اقدامات نافذ کرنا جاری رکھیں گے جن سے ہمارے لیے اپنے طالبعلموں کی فلاح کے ساتھ ساتھ ایک مسلسل اور سودمند تعلیمی ماحول کو ترجیح دینا بھی ممکن ہو گا۔

بیماری کی صورت میں گھر میں رہیں

- اگر آپ کا بچہ بیمار ہو تو آپ اسے گھر میں رکھنے کے پابند ہیں۔ اگر بچے میں COVID-19 کی علامات ہلکی سی ہوں تو بھی اسے COVID ٹیسٹ کرنا چاہیے اور آئسولیشن میں رہنا چاہیے۔
- آپ کے بچے کو سکول صرف تب واپس آنا چاہیے جب اس کا منفی نتیجہ آئے اور اس کی علامات دور ہو چکی ہوں۔
- اگر آپ کے بچے کے COVID-19 ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آئے تو سروس نیو ساؤتھ ویلز (Service NSW) کے ساتھ مثبت نتیجہ رجسٹر کریں، بچے کو 7 دن تک آئسولیشن میں رکھیں اور NSW health کی ہدایات پر عمل کریں۔

ویکسینیشن

- اپنے، اپنے گھرانے اور کمیونٹی کے تحفظ کا بہترین طریقہ COVID-19 اور فلو کی ویکسینز لگوانا ہے۔ ویکسینیشن وائرسوں سے ہونے والی بیماریوں کے خلاف آپ کے مدافعتی نظام کی مدد کا ایک محفوظ اور مؤثر طریقہ ہے۔
- عام سکولوں کے ماحول میں تمام اہل عملے اور طالبعلموں کو پرزور ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ اپنی صحت کے تحفظ کے لیے اپنی ویکسینیشنز مکمل رکھیں۔ مخصوص مقاصد رکھنے والے سکولوں میں کام کرنے والے تمام عملے کے لیے COVID-19 کے خلاف ڈبل ویکسینیشن کروانا ضروری ہے تاکہ ہمارے ان طالبعلموں کو محفوظ رکھا جائے جن کے لیے COVID-19 سے واسطہ پڑنے پر شدید بیماری کا خطرہ زیادہ ہے۔

قریبی کانٹیکٹس

- قریبی کانٹیکٹس کے طور پر شناخت کیے جانے والے طالبعلم سکول آ سکتے ہیں بشرطیکہ سکول کو اس بارے میں بتایا گیا ہو اور 5 تعلیمی دنوں تک ہر صبح سکول آنے سے پہلے ان کے COVID-19 ٹیسٹ کا نتیجہ منفی آئے۔
- سیکنڈری سکولوں کے طالبعلموں کو عمارتوں کے اندر ماسک پہننا ہو گا، سوائے کھاتے ہوئے اور ورزش کرتے ہوئے۔ پرائمری سکولوں کے طالبعلموں کو عمارتوں کے اندر ماسک پہننے کا مشورہ دیا جاتا ہے، سوائے کھاتے ہوئے اور ورزش کرتے ہوئے۔
- قریبی کانٹیکٹ کے طور پر شناخت کیے جانے والے کسی طالبعلم کو زیادہ خطرے والے ماحول میں جیسے رات کے قیام والے دوروں یا سکول کیمپ پر جانے کی اجازت نہیں ہو گی۔
- مخصوص مقاصد رکھنے والے سکولوں اور سپّورٹ یونٹس میں داخل طالبعلم قریبی کانٹیکٹ ہونے کی صورت میں سکول نہیں جا سکتے اور انہیں سیلف آئسولیشن کے دوران فاصلاتی طریقے سے تعلیم حاصل کرنے کے لیے مدد ملے گی۔

ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹنگ

- اگر آپ کے بچے میں COVID-19 کی ہلکی سی بھی علامات ہوں تو ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ استعمال کیے جانے چاہئیں یا اگر وہ قریبی کانٹیکٹ ہوتے ہوئے سکول آ رہا ہو تو یہ ٹیسٹ روزانہ استعمال کیے جائیں۔
- اگر آپ کے بچے کے COVID-19 ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آئے تو اس کے لیے اپنی آئسولیشن کا عرصہ مکمل ہو جانے اور علامات ختم ہو جانے تک سکول آنا منع ہے۔ ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ کا مثبت نتیجہ سروس نیو ساؤتھ ویلز (Service NSW) کے ساتھ رجسٹر کرنا لازمی ہے۔
- اگر آپ کے بچے کے ٹیسٹ کا نتیجہ منفی آئے لیکن پھر بھی اس میں علامات ہوں تو اسے علامات ختم ہو جانے تک سکول نہیں آنا چاہیے۔
- عملے اور طالبعلموں کو ٹرم 3 کی ابتدا میں سکول کی طرف سے 5 ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ کٹس والا 1 ملٹی پیک دیا جائے گا۔ مخصوص مقاصد رکھنے والے سکولوں اور سپّورٹ یونٹس کے عملے اور طالبعلموں کو ٹرم 3 کی ابتدا میں ان کے سکول کی طرف سے 5 ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ کٹس والے 2 ملٹی پیکس دیے جائیں گے۔
- سکول ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹس کا کچھ ذخیرہ سکولوں میں مخصوص رکھیں گے تاکہ وبا میں اضافے کی صورت میں نگرانی کی خاطر ٹیسٹنگ کے لیے اس ذخیرے کو استعمال کیا جا سکے۔

حفظان صحت اور صفائی

- طالبعلموں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ باقاعدگی سے اپنے ہاتھ صابن اور پانی سے دھوتے رہیں اور حسب ضرورت حفاظتی سازوسامان استعمال کریں۔
- سکولوں میں روزانہ اضافی صفائی میں زیادہ چھوئی جانے والی جگہوں اور دوسری سخت سطحوں، دروازوں کی دستیوں، لاکروں، روشنی کے سوئچوں اور سیڑھیوں اور راہداریوں میں لگی ہینڈ ریلز پر خاص توجہ دی جائے گی۔

ہوا کا گزر

- انفیکشن کے پھیلاؤ کا خطرہ کم سے کم رکھنے کے لیے ہوا کے گزر کی مؤثر ترین صورت تازہ ہوا کا داخلہ ہے۔
- سردیوں کے مہینوں میں ہوا کے گزر کے طریقوں کے ساتھ ساتھ حرارت کے نظام کو استعمال کیا جائے گا تاکہ آرام دہ درجۂ حرارت برقرار رکھا جائے۔
- پبلک سکولوں میں تمام تعلیمی مقامات کو چیک کیا گیا ہے تاکہ ہوا کے گزر کا مناسب درجہ یقینی رہے اور جہاں ضرورت تھی، وہاں ہوا صاف کرنے والے آلات مہیا کیے گئے ہیں۔
- اب بھی جہاں ممکن ہو، باہر کھلی جگہوں کے استعمال کی ترغیب دی جائے گی۔

ماسک

- عام سکولوں کے ماحولوں میں، بالخصوص عمارتوں کے اندر اور ان دوسری صورتوں میں جہاں ہوا کا گزر اور فاصلہ رکھنا ممکن نہ ہو، تمام عملے اور طالبعلموں کو حتی الامکان ماسک پہننے کی پرزور ترغیب دی جاتی ہے۔
- جن طالبعلموں کے لیے COVID-19 انفیکشن کی صورت میں شدید بیماری کا خطرہ زیادہ ہے، ان کے ساتھ کام کرنے والے تمام عملے کے لیے ماسک پہننا لازمی ہے۔
- سکولوں میں آنے والوں کو اس وقت ماسک پہننے کی پرزور ترغیب دی جاتی ہے جب وہ براہ راست طالبعلموں کے ساتھ واسطے میں ہوں جبکہ ان طالبعلموں کے ساتھ واسطے میں ان کے لیے ماسک پہننا لازمی ہے جن کے لیے COVID-19 انفیکشن کی صورت میں شدید بیماری کا خطرہ زیادہ ہے۔
- جماعت 7 اور اس سے بڑی جماعتوں کے طالبعلم جب قریبی کانٹیکٹس ہوتے ہوئے سکول آئیں تو ان کے لیے عمارتوں کے اندر ماسک پہننا لازمی ہے اور ان سے چھوٹے طالبعلموں کو ماسک پہننے کی پرزور ترغیب دی جاتی ہے۔
- تمام طالبعلموں کو COVID-19 سے صحتیاب ہونے کے بعد 3 دن تک ماسک پہننے کی پرزور ترغیب دی جاتی ہے۔

سکولوں میں آنے والے افراد

- عام سکولوں میں لوگ بطور وزیٹر آ سکتے ہیں خواہ انہوں نے ویکسین لگوائی ہو یا نہ لگوائی ہو۔
- سکولوں میں آنے والے تمام افراد کو ماسک پہننے کی پرزور ترغیب دی جاتی ہے، بالخصوص عمارتوں کے اندر یا جب فاصلہ رکھنا ممکن نہ ہو اور جب وہ طالبعلموں کے ساتھ براہ راست واسطے میں ہوں۔
- مخصوص مقاصد رکھنے والے سکولوں اور سپّورٹ یونٹس میں آنے والے افراد، بشمول کارکنوں اور رضاکاروں کے، اس صورت میں ماسک پہننے کے پابند ہیں کہ وہ طالبعلموں کے ساتھ براہ راست واسطے میں ہوں۔
- جو افراد قریبی کانٹیکٹس ہوتے ہوئے سکول میں آئیں، وہ سکول کو آگاہ کرنے اور بعض ہدایات پر عمل کرنے کے پابند ہیں جن میں عمارتوں کے اندر موجودگی کے دوران ماسک پہننا شامل ہے۔ قریبی کانٹیکٹس مخصوص مقاصد کے لیے کام کرنے والے سکولوں میں نہیں جا سکتے۔

سرگرمیاں

- دورہ جات اور رات کے قیام والے کیمپوں سمیت دیگر سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے صحت اور حفاظت کے لیے خطرات کا جائزہ لیا جائے گا۔
- والدین اور نگرانوں کو انفیکشن سے واسطے کے خطرے سے آگاہ کیا جائے گا اور بعض سرگرمیوں کے لیے ان کی اجازت ضرورت ہو گی۔

مقامی حالات کے مطابق اقدامات

- سکول ڈیپارٹمنٹ کی صحت، حفاظت اور عملے کی فلاح سے متعلق کیس مینیجمنٹ ٹیم کے ساتھ کام کریں گے تاکہ مقامی حالات کے مطابق درست اقدامات کیے جائیں جن میں وائرسوں سے ہونے والی بیماریوں کے پھیلاؤ پر اقدامات بھی شامل ہیں۔
- کچھ صورتوں میں سکول عارضی طور پر، ایک محدود عرصے کے لیے اضافی اقدامات متعارف کروا سکتے ہیں تاکہ انفیکشنوں کے سلسلے کو روکا جائے اور اس میں ماسک پہننا، کم اہم سرگرمیوں کو محدود کرنا اور بعض گروہوں کے لیے فاصلاتی تعلیم شروع کرنا شامل ہے۔

فاصلاتی تعلیم

- ڈیپارٹمنٹ ان طالبعلموں کی مدد کے لیے ڈیجیٹل تعلیمی وسائل تیار کرنا جاری رکھے ہوئے ہے جنہیں فاصلاتی تعلیم حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔

مزید معلومات کے لیے دیکھیں education.nsw.gov.au/covid-19/advice-for-families

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی اپنے سکول کے پرنسپل کو فون کریں۔ اگر آپ کو اپنا سوال پوچھنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد درکار ہو تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں اور ان سے اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر کو وہ نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں اور آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

NSW گورنمنٹ یہ یقینی بنانے کا عزم رکھتی ہے کہ طالبعلموں اور سکولوں کے عملے کی حفاظت اور فلاح کو ترجیح دیتے ہوئے سکولوں کو مصروف عمل رکھا جائے۔